بہت زیادہ لعنت کرنے والے روزقیامت نہ سفارش کرنے والے ہوں گے اور نہ گواہی دینے والے ہوں گے۔

ابو الدرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ”بہت زیادہ لعنت کرنے والے قیامت کے دن گواہی دینے والے نہیں ہوں گے اور نہ ہی شفاعت کرنے والے ہوں گے“۔

[صحیح] [اسے امام مسلم نے روایت کیا ہے۔]

حدیث میں کثرت کے ساتھ لعن طعن کرنے سے ڈرایا گیا ہے اور یہ کہ ایسے شخص کی اللہ کے ہاں کوئی حیثیت نہیں ہے۔ دنیا میں ان کی شفاعت قبول نہیں کی جاتی، کیونکہ یہ لوگ غیر عادل ہیں اور گواہی صرف عادل شخص کی قبول کی جاتی ہے، اسی طرح ان کی شفاعت ان کے بھائیوں کے حق میں دخول جنت کے لئے بھی قبول نہیں کی جائے گی اور نہ ہی آخرت میں ان کی گواہی قبول ہوگی، نیز سابقہ امتوں پر ان کی گواہی بھی تسلیم نہیں کی جائے گی کہ ان کے رسولوں نے اللہ کے احکام کو کما حقہ پہنچا دیا تھا۔

https://sunnah.global/hadeeth/ur/show/5495